Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : *Aziz Burney*
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں
Price : 5 ● 28 :شمارہ ● 10 :جلد ● KOLKATA ● Sunday, 29th January, 2023 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۶ رجب المرجب ۱۴۴۴ھ بمطابق ● اتوار، ۲۹ رجنوری ۲۰۲۳ء ● کلکتہ







## جھارکھنڈ: دھنباد میں آگ لگنے کا ہولناک واقعہ، ڈاکٹر جوڑے سمیت 6 افراد ہلاک

دھنباد: 28 رجنوری: جھارکھنڈ کے دھنباد میں ایک ہولناک حادثے کی خبر ہے۔ مشہور ڈاکٹر سی سی ہزرا اسپتال میں ہفتہ کی رات دیر گئے لگنے والی آگ میں 6 افراد کی موت ہوگئی۔ مرنے والوں میں ڈاکٹر وکاس ہزرا، ان کی اہلیہ ڈاکٹر پریما ہزرا، گھریلو ملازمہ اور ڈاکٹر وکاس (باقی صفحہ 10 پر)

## راشٹر پتی بھون میں موجود تاریخی 'مغل گارڈن' کا نام تبدیل، اب 'امرت اُدیان' کے نام سے پہچانا جائے گا



نئی دہلی 28 جنوری: راشٹر پتی بھون میں موجود مشہور مغل گارڈن کا نام بدل دیا گیا ہے۔ اب اسے 'امرت ادیان' کے نام سے جانا جائے گا۔ بتایا جا رہا ہے کہ مغل گارڈن کا نام 'امرت مہوتسو' کے تحت بدلا گیا ہے۔ حالانکہ کئی لوگ اسے مسلم ناموں والے مقامات کا نام تبدیل کرنے والے سلسلہ کی نئی کڑی تصور کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ مغل گارڈن ہر سال عام لوگوں کے لیے ایک بار کھولا جاتا ہے اور اس سال بھی 31 جنوری سے کھلے گا۔ لیکن اب اسے مغل گارڈن کی جگہ امرت اُدیان کے نام سے جانا جائے گا۔ اس باغیچے میں لوگ ٹیولپ اور گلاب کی مختلف نسلوں کے پھول دیکھنے پہنچتے ہیں اور لوگوں کو اس کے کھلنے کا بے صبری سے انتظار رہتا ہے۔ راشٹر پتی بھون میں موجود اس باغیچہ میں برطانوی اور مغل دونوں دور کے باغیچوں کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔ اسے بنانے کے لیے ایڈوِن لوٹینس نے پہلے ملک و بیرون ممالک کے باغیچوں کی تحقیق کی تھی۔ اس باغیچہ میں پودا روپنے میں ہی تقریباً ایک سال کا وقت لگا تھا۔ بہرحال، حکومتیں وقتاً فوقتاً کئی جگہوں کا نام بدلتی رہی ہیں۔ خصوصاً 2014 کے بعد جب سے مرکز میں بی جے پی کی حکومت تشکیل پائی ہے اور اتر پردیش میں یوگی حکومت برسراقتدار ہوئی ہے، کئی شہروں، مقامات، ریلوے اسٹیشنوں وغیرہ کے مسلم ناموں کو بدلا گیا ہے۔

## مدھیہ پردیش کے مورینا میں بڑا حادثہ، فضائیہ کے سخوئی اور میراج لڑاکا طیارے گر کر تباہ

بھوپال: 28 رجنوری: مدھیہ پردیش کے مورینا میں ہفتہ کی صبح ایک بڑا حادثہ پیش آیا، جس میں فضائیہ کے دو لڑاکا طیارے سخوئی-30 اور میراج-2000 گر کر تباہ ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور کارروائی انجام دی۔ دفاعی ذرائع کے مطابق دونوں طیاروں نے مدھیہ پردیش کے گوالیار ایئربیس سے ٹیک آف کیا تھا، جہاں مشق جاری تھی۔ وزیر دفاع نے اس واقعے کے حوالے سے فضائیہ کے سربراہ سے بات کی ہے۔ میڈیا کو معلومات (باقی صفحہ 10 پر)




VACANCY
Vacancy for the post of
Back office, Tele Caller,
Sales Executive and
Sales cum Manager
Contact No :
8910593660
Barrackpore
Email: nic86alm@gmail.com






